Urdu - 5th Class Urdu Chapter 17 Short Questions Test

Q1. ایک محنتی انسان دوسروں کو کس بات کا سبق دیتا ہے.

Ans 1: ایک محنتی انسان دوسروں کو محنت کرنے کا سبق دیتا ہے.

Q2. دوسروں کو اچھی باتوں پر عمل کرنے کی نصیحت کرنے سے پہلے ہمیں خود کیا کرنا چاہیے.

Ans 1: ہمیں خود ان اچھی باتوں پر عمل کرنا چاہیے.

Q3. سچ بولنے کی اہمیت پر چند جملے

Ans 1: سچ بولنے سے اللہ راضی ہوتا ہے. سچ بولنے سے عزت ملتی ہے سچ بولنے والا گناہ سے پاک ہوتا ہے سچ بولنے والے کے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے.

Q4. معاشرے میں نیکی کیسے پھیلائی جاسکتی ہے.

Ans 1: معاشرے میں نیک کام کرنے سے نیکی پھیلائی جاسکتی ہے. جیسے کہ سچ بولنا ، دوسروں کو ترغیب دینا، مشکل وقت میں کام آنا.

Q5. نیک بنو اور نیکی پھیلاؤ کے شاعر کون ہیں

Ans 1: نیک بنو اور نیکی پھیلاؤ کے شاعر خواجہ الطاف حسین حالی ہیں.

Q6. اس سبق میں ہمسایوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنےکی ہدایت کی ہے.

Ans 1: اس سبق میں ہمسایوں کے ساتھ بھلائی کرنے کی بات کی گئی ہے.

Q7. نیک بنو، نیکی پھیلاؤ کا مرکزی خیال لکھیں.

Ans 1: ہمیں اچھی عادات اپنانی چاہیے. ہمیں نیکی کے راستے پر چلنا چاہیے. دوسروں تک نیکی پہنچانی چاہیے.

Q8. اچھی عادات کون سی ہوتی ہیں.

Ans 1: سچ بولنا، صاف ستھرا رہنا ور دوسروں کے کام آنا، پڑھائی میں محنت کرنا، بڑوں کا ادب کرنا یہ سب اچھی عادات ہیں.

Q9. جو سچ نہیں بولتا اس کی عزت کیوں نہیں کی جاتی.

Ans 1: کیوں کی جھوٹے آدمی. پر کوئی اعتبار نہیں کرتا اس وجہ سے اس کی عزت نہیں کی جاتی

Q10. تندرست اور چاق و چوبند رہنے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا چاہیے.

Ans 1: تندرس اور چاق و چوبند رہنے کے لیے جسمانی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے.
